احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

بدھ 22۔اگست 2007ء

روزنامہ
C.P.L 29-FD   ٹیلیفون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 22۔اگست 2007ء 8 شعبان 1428 ہجری 22 ظہور 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 190

مجھے کمزوروں میں تلاش کرو

حضرت ابوالدرداءؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

مجھے اپنے کمزوروں میں تلاش کرو کیونکہ تمہیں تمہارے غرباء کی وجہ سے ہی رزق دیا جاتا ہے اور نصرت عطا کی جاتی ہے۔

(جامع ترمذی کتاب الجھاد باب فی الاستفتاح حدیث نمبر:1624)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

نوع انسان پر شفقت اور اس سے ہمدردی کرنا بہت بڑی عبادت ہے اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے یہ ایک زبردست ذریعہ ہے۔ مگر میں دیکھتا ہوں کہ اس پہلو میں بڑی کمزوری ظاہر کی جاتی ہے۔ دوسروں کو حقیر سمجھا جاتا ہے۔ ان پر ٹھٹھے کیے جاتے ہیں۔ ان کی خبر گیری کرنا اور کسی مصیبت اور مشکل میں مدد دینا تو بڑی بات ہے۔ جو لوگ غرباء کے ساتھ اچھے سلوک سے پیش نہیں آتے بلکہ ان کو حقیر سمجھتے ہیں۔ مجھے ڈر ہے کہ وہ خود اس مصیبت میں مبتلا نہ ہو جاویں۔ اللہ تعالیٰ نے جن پر فضل کیا ہے اس کی شکر گزاری یہی ہے کہ اس کی مخلوق کے ساتھ احسان اور سلوک کریں۔ اور اس خداداد فضل پر تکبر نہ کریں اور وحشیوں کی طرح غرباء کو کچل نہ ڈالیں۔

خوب یاد رکھو کہ امیری کیا ہے؟ امیری ایک زہر کھانا ہے۔ اس کے اثر سے وہی بچ سکتا ہے جو شفقت علیٰ خلق اللہ کے تریاق کو استعمال کرے اور تکبر نہ کرے لیکن اگر وہ اس کی شیخی اور گھمنڈ میں آتا ہے تو نتیجہ ہلاکت ہے۔ ایک پیاسا ہو اور ساتھ کنواں بھی ہو لیکن کمزور ہو اور غریب ہو اور پاس ایک متمول انسان ہو تو وہ محض اس خیال سے کہ اس کو پانی پلانے سے میری عزت جاتی رہے گی اس نیکی سے محروم رہ جائے گا۔ اس نخوت کا نتیجہ کیا ہوا؟ یہی کہ نیکی سے محروم رہا اور خدا تعالیٰ کے غضب کے نیچے آیا۔ پھر اس سے کیا فائدہ پہنچا۔ یہ زہر ہوا یا کیا؟ وہ نادان ہے سمجھتا نہیں کہ اس نے زہر کھائی ہے۔ لیکن تھوڑے دنوں کے بعد معلوم ہو جائے گا کہ اس نے اپنا اثر کر لیا ہے اور وہ ہلاک کر دے گی۔

یہ بالکل سچی بات ہے کہ بہت سی سعادت غرباء کے ہاتھ میں ہے۔ اس لئے انہیں امیروں کی امیری اور تموّل پر رشک نہیں کرنا چاہئے اس لئے کہ انہیں وہ دولت ملی ہے جو ان کے پاس نہیں۔ ایک غریب آدمی بے جا ظلم۔ تکبّر۔ خود پسندی۔ دوسروں کو ایذا پہنچانے اتلافِ حقوق وغیرہ بہت سی برائیوں سے مفت میں بچ جائے گا۔ کیونکہ وہ جھوٹی شیخی اور خود پسندی جو ان باتوں پر اسے مجبور کرتی ہے اس میں نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب کوئی مامور اور مرسل آتا ہے تو سب سے پہلے اس کی جماعت میں غرباء داخل ہوتے ہیں۔ اس لئے کہ ان میں تکبر نہیں ہوتا۔ دولت مندوں کو یہی خیال اور فکر رہتا ہے کہ اگر ہم اس کے خادم ہو گئے تو لوگ کہیں گے کہ اتنا بڑا آدمی ہو کر فلاں شخص کا مرید ہو گیا اور اگر ہو بھی جاوے تب بھی وہ بہت سی سعادتوں سے محروم رہ جاتا ہے۔ الا ماشاء اللہ۔ کیونکہ غریب تو اپنے مرشد اور آقا کی کسی خدمت سے عار نہیں کرے گا مگر یہ عار کرے گا۔ ہاں اگر خدا تعالیٰ اپنا فضل کرے اور دولت مند آدمی اپنے مال و دولت پر ناز نہ کرے اور اس کو بندگان خدا کی خدمت میں صرف کرنے اور ان کی ہمدردی میں لگانے کے لئے موقع پائے اور اپنا فرض سمجھے تو پھر وہ ایک خیر کثیر کا وارث ہے۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 438)

یتامیٰ کی خبر گیری

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:۔
یتامیٰ کی خبر گیری قومی طور پر کسی جماعت میں پائی جائے تو وہ جماعت کبھی مٹ نہیں سکتی۔

(تفسیر کبیر جلد ہشتم صفحہ:567)

نمایاں کامیابی

مکرم راجہ زکی ناصر صاحب وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ تحریر کرتے ہیں۔

میری بہن مکرمہ قرۃ العین صاحبہ بنت مکرم راجہ ناصر احمد صاحب جماعت احمدیہ وزیر آباد نے امسال میٹرک کا امتحان سائنس گروپ سے دیا تھا جس میں محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے موصوفہ نے 807/850 نمبر حاصل کر کے بورڈ میں لڑکیوں میں سیکنڈ پوزیشن حاصل کی ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ اعزاز موصوفہ اور ان کے اہل خانہ کیلئے بابرکت فرمائے اور موصوفہ کو نیک خادمہ دین بنائے۔ آمین

ماہر پلاسٹک سرجن کی آمد

مکرم ڈاکٹر ابرار پیرزادہ صاحب پلاسٹک اور ہیئر ٹرانسپلانٹیشن کے ماہر مورخہ 26۔اگست 2007ء کو مریضوں کے معائنہ کیلئے ہسپتال تشریف لائیں گے۔ ضرورت مند احباب و خواتین استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

انٹرویو نرسنگ اپرنٹس شپ

فضل عمر ہسپتال طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ میں نرسنگ اپرنٹس شپ کے داخلے کیلئے تحریری امتحان وانٹرویو مورخہ 26۔اگست 2007ء بروز اتوار بوقت 8:00 بجے صبح ہوگا۔ وقت کی پابندی ملحوظ رکھیں۔ جن امیدواروں نے اپنی درخواستیں صدر صاحب محلّہ یا امیر صاحب کی تصدیق کے بغیر جمع کروائی تھیں اب وہ تصدیق کے ساتھ نئی درخواست ہمراہ لائیں۔ ورنہ تحریری امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہ ہوگی۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

مشعل راہ

تکاثر اور دنیاوی لذات کے خطرات

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

یورپ میں جاننے والے جانتے ہیں کہ ساری یورپین تہذیب اپنے ماحصل سے مایوس ہو چکی ہے۔ جو کچھ انہوں نے حاصل کیا لذتوں میں وہ اب ان کے لیے پرانا ہو گیا ہے۔ نئے نئے رستوں کی تلاش کرتے ہیں اس سے زیادہ ان کو کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ تکاثر کے نتیجے میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی جس قومی دوڑ میں داخل ہو گئے ہیں اس نے خطرات پیدا کر دیئے ہیں۔ ان کو نظر آ رہا ہے کہ کوئی بعید نہیں کہ جو کچھ ہم نے حاصل کیا تھا دیکھتے دیکھتے یہ ریزہ ریزہ ہو کر بکھر جائیگا۔ انتہائی مایوسی کا عالم ہے۔ یورپ میں جتنی بھی نئی موومنٹس چل رہی ہیں وہ اس بات کی مظہر ہیں کہ قرآن کریم کا یہ بیان سچا ہے کہ کچھ عرصے تک لذتوں کے حصول کے بعد تم خود ان لذتوں میں دلچسپی کھو دو گے۔ بالآخر تمہارے پاس کچھ بھی نہیں رہے گا۔

(-) آج مغرب کی آواز بھی یہی اٹھ رہی ہے کہ ہم نے کیا حاصل کیا؟ حقیقت میں ہمیں چین نصیب نہیں ہوا۔ اتنی بے چینی، اتنی بیقراری ہے آج ان ترقی یافتہ قوموں میں، اگر خودکشی کا رجحان کوئی پیمانہ ہوسکتا ہے تو سب سے زیادہ خودکشی آج ترقی یافتہ قوموں میں پائی جاتی ہے۔ اگر پاگل پن کوئی پیمانہ ہوسکتا ہے تو اس کثرت کے ساتھ پاگل پیدا ہو رہے ہیں کہ باوجود اس کے کہ ان قوموں کے پاس ذرائع بہت زیادہ ہیں اور ہمارے ملک کے پاگل خانوں کی نسبت انہوں نے سینکڑوں گنا زیادہ پاگل خانے بنائے ہوئے ہیں، پھر بھی وہ پاگل خانے بھر جاتے ہیں اور پاگل رکھنے کی جگہ نہیں ملتی پھر وہ دوسرے Homes بناتے ہیں۔ پھر ایسی اور سوسائٹیاں پیدا ہو جاتی ہیں، ان کی مدد کیلئے۔ چنانچہ صرف امریکہ میں اتنے پاگل خانے ہیں کہ (ان کی Exact گنتی تو مجھے یاد نہیں لیکن) میرا اندازہ یہ ہے کہ اگر ہندوستان اور پاکستان بلکہ سارے مشرق کے پاگل خانے ملا لیے جائیں تو اس سے کئی گنا زیادہ صرف امریکہ میں پاگل خانے ہیں اور کیوز Cues لگے ہوئے ہیں اور باری نہیں آ رہی۔ اور کچھ مینٹل ہومز (Mental Homes) ہیں جو اس کے علاوہ ہیں۔ ذہنی بے چینی کا اس وقت یہ عالم ہے کہ صرف ویلیئم (Valium) پر، جو ایک معمولی سی دوا ہے، پچاس کروڑ ڈالر یا پانچ ارب روپیہ سالانہ خرچ ہو رہا ہے، جو بعض ممالک کی آمد سے بھی بڑھ کر ہے۔ وہ صرف ذہنی بے چینی کو دُور کرنے کے لیے ایک دوائی کے اوپر خرچ کر رہے ہیں اور سارے Drugs پر امریکہ میں جو خرچ ہو رہا ہے وہ مشرق کے بہت سارے ملکوں کی اجتماعی دولت سے بھی زیادہ ہے۔

یہ کیوں ہو رہا ہے؟ اس لیے کہ ان کا دل گواہی دے رہا ہے کہ (-) ہم نے جو کوشش کی تھی حصول لذت کی، اس میں ہم ناکام ہو گئے ہیں۔ ایک منزل سے دوسری کی طرف بڑھے، دوسری سے تیسری کی طرف بڑھے۔ یہاں تک کہ بالآخر ہم نے یہ دیکھا کہ وہ سب کچھ جو ہمارا ماحصل تھا وہ ایک ایسی زردی میں تبدیل ہو گیا ہے۔ جس میں کچھ بھی باقی نہیں رہا۔ سبز کھیتی جس طرح لذت عطا کرتی ہے نگاہ کو۔ اگر وہ پھل دینے سے پہلے مرنی شروع ہو جائے تو زمیندار کو کتنی تکلیف ہوتی ہے۔ وہ نقشہ قرآن کریم کھینچ رہا ہے۔ بیچ میں کہیں پھل کا ذکر نہیں۔ فرماتا ہے کھیتیاں لہلہاتی تو نظر آئیں گی تمہیں، لیکن ان کو پھل نہیں لگے گا وہ دیکھتے دیکھتے خشک ہونے لگیں گی اور خشک ہو کر جب زردی میں تبدیل ہوں گی پھر تمہیں تکلیف ہونی شروع ہو گی اور اس تکلیف کے نتیجے میں تم محسوس کرو گے جو کچھ ہم نے حاصل کیا تھا سب ہاتھ سے نکل گیا ہے۔ کچھ بھی ہمارے پاس نہیں رہا۔ تب دل کی آواز اٹھتی ہے (-) یہ ویسا ہی نقشہ ہے جس طرح انفرادی طور پر ہر انسان کی زندگی میں آتا ہے۔ میر دردؔ نے اسی حالت پر غور کیا تو یہ شعر کہا

وائے نادانی کہ وقتِ مرگ یہ ثابت ہوا
خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا

(خطبات طاہر جلد اول ص 223)

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم عزیز الرحمٰن خالد صاحب صدر محلہ دارالعلوم غربی ثناء ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میرے چھوٹے بیٹے مکرم انیس الرحمٰن انس صاحب مقیم لندن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ یکم جولائی 2007ء کو پہلا بیٹا عطا کیا ہے۔ جس کا نام حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے طلحہ رحمان عطا فرمایا ہے نومولود جو کہ وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہے مکرم پروفیسر ڈاکٹر عبدالکریم خالد صاحب وحدت کالونی لاہور کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو خادم دین اور والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے نیز صحت و عافیت والی لمبی عمر عطا کرے۔ آمین

سانحہ ارتحال

مکرم نصیر احمد صاحب وڑائچ مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں۔

عزیزم عامر وسیم ابن مکرم وسیم ارشد صاحب منڈی بہاؤالدین 29 جولائی 2007ء کو بعمر 9 سال بعد دوپہر الیکٹرک شاک سے وفات پا گیا عزیزم مرحوم وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل تھا اور تیسری جماعت کا طالب علم تھا عزیزم عامر وسیم نے اپنی وفات سے ایک دن قبل اپنے محلے میں ہی ایک الیکٹریشن کی دکان پر بجلی کی تار کے ذریعہ بلب چیک کرنے کا طریقہ دیکھا دوسرے دن وہی تجربہ خود کرنے کی کوشش کی جس کے دوران الیکٹرک شاک لگا جبکہ تمام افراد خانہ قیلولہ کر رہے تھے اور عزیزم مرحوم اسی الیکٹرک شاک سے اس دار فانی سے ہمیشہ کیلئے رخصت ہو گیا اگلے دن جماعت احمدیہ منڈی بہاؤالدین شہر کے مقامی قبرستان واسو بنگلہ میں تدفین ہوئی اور مکرم محمد منیر شمس صاحب مربی ضلع منڈی بہاؤالدین نے نماز جنازہ پڑھائی اور قبر تیار ہونے پر دعا بھی کروائی عزیزم مرحوم اپنے دادا کے ہمراہ بیت الذکر سے وابستہ تھا اور طبعاً ہنس مکھ خوش اخلاق اور خوش لباس تھا تمام احباب سے عزیزم مرحوم کیلئے اور اس کے تمام لواحقین کیلئے درخواست دعا ہے۔

درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

اعلان دارالقضاء

(مکرمہ عزیزہ بیگم صاحبہ ترکہ
مکرم غلام فرید صاحب مرحوم)

مکرمہ عزیزہ بیگم صاحبہ نے درخواست دی ہے کہ میرے سسر مکرم غلام فرید صاحب ولد علم دین صاحب 12/17 دارالنصر وسطی ربوہ بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ ان کے نام قطعہ نمبر 12/17 محلہ دارالنصر برقبہ 1 کنال 92 مربع فٹ الاٹ ہے۔ یہ قطعہ مرحوم کے ورثاء میں بحصص شرعی تقسیم کر دیا جائے۔ مرحوم کی بیوہ اپنے بیٹے مکرم مبارک احمد صاحب اور دیگر تمام ورثاء مکرم مبارک احمد صاحب اور مکرم بشارت احمد صاحب کے حق میں بحصہ برابری دستبردار ہو گئے ہیں۔

تفصیل ورثاء مکرم غلام فرید صاحب ولد مکرم علم دین صاحب۔

1۔ مکرمہ بشیراں بی بی صاحبہ (بیوہ)
2۔ مکرمہ بشریٰ بی بی صاحبہ (بیٹی)
3۔ مکرمہ نصرت صاحبہ (بیٹی)
4۔ مکرمہ منورہ صاحبہ (بیٹی)
5۔ مکرمہ شکیلہ صاحبہ (بیٹی)
6۔ مکرمہ امۃ النصیر صاحبہ (بیٹی)
7۔ مکرمہ مقبول بیگم صاحبہ (بیٹی)
8۔ مکرمہ تصورہ بیگم صاحبہ (بیٹی)
9۔ مکرم مبارک احمد صاحب (بیٹا)
10۔ مکرم بشارت احمد صاحب مرحوم (بیٹا)

تفصیل ورثاء مکرم بشارت احمد صاحب۔
i۔ عزیزہ صاحبہ (بیوہ)
ii۔ مکرمہ شائستہ بشارت صاحبہ (بیٹی)
iii۔ مکرمہ سائرہ بشارت صاحبہ (بیٹی)
iv۔ مکرم دانیال فرید صاحب (بیٹا)
v۔ مکرمہ مریم بشارت صاحبہ (بیٹی)

11۔ مکرمہ جمیلہ بیگم صاحبہ (مرحومہ) بیٹی

تفصیل ورثاء مکرمہ جمیلہ بیگم صاحبہ
i۔ داؤد احمد صاحب (خاوند)
ii۔ مکرمہ فرحت صاحبہ (بیٹی)
iii۔ مکرمہ راحت صاحبہ (بیٹی)
iv۔ مکرمہ نمود سحر صاحبہ (بیٹی)
v۔ مکرم حماد رضا صاحب (بیٹا)
vi۔ مکرمہ ندا صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت-/4 روپے

مکرم بلال طاہر صاحب

حضرت علامہ فخر الدین الرازی رحمہ اللہ

(543ھ تا 606ھ)

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اہل ایمان کو مخاطب کرتے ہوئے خیر امۃ کالقب دیا ہے اور اس امت کو ہمیشہ ایسی بزرگ ہستیوں اور علم وفضل کے آسمان پر چمکنے والے روشن ستاروں سے نوازا ہے جن کے بارہ میں آنحضور ﷺ کا فرمان ہے۔

میری امت کے علماء بنی اسرائیل کے انبیاء کی مانند ہیں۔

انہی بزرگ علماء میں سے ایک معروف اور گراں قدر ہستی حضرت علامہ فخر الدین رازی رحمہ اللہ تھے۔ جن کا نام دینی علوم کی دنیا میں ایک سند تصور کیا جاتا ہے۔

آپ کا پورا نام فخر الدین الرازی ابوعبداللہ محمد بن عمر بن حسین القرشی الطبرستانی تھا۔آپ 15 رمضان 543ھ مطابق 1149ء یا بعض روایات کے مطابق 544ھ میں ''رے'' میں پیدا ہوئے۔آپ کے والد امام ضیاء الدین ''رے'' کے خطیب تھے اور اسی مناسبت سے بعض اوقات آپ کو 'ابن خطیب رے'' بھی کہا جاتا تھا۔

آپ کے والد آپ کی نوجوانی کے ایام میں ہی فوت ہو گئے لیکن ان کی وفات تک آپ نے ان سے خوب علم حاصل کیا اور اس طرح علم کے حصول کا شوق بچپن ہی سے آپ کی طبیعت کا ایک جزو بن گیا۔پھر آپ نے کمال سمعانی سے تحصیل علم کی اور ایک مدت ان کے حضور زانوئے تلمذ کرنے کے بعد آپ 'رے' واپس تشریف لے آئے۔ پھر آپ نے حکمت پڑھی اور حکمت کے لئے اپنے وقت کے مشہور حکیم مجد الدین الجیلی کو استاد بنایا جو محمد بن یحییٰ کے شاگرد تھے۔ان سے آپ نے کلام اور حکمت کی تعلیم حاصل کی اور سفر وحضر میں ان کے پاس رہنے لگے اور جب آپ کے استاد 'مراغۃ' گئے تو آپ بھی ان کے ساتھ چلے گئے اور ایک لمبا عرصہ تحصیل علم کے بعد 'رے' واپس تشریف لے آئے۔

یہ وہ زمانہ تھا کہ جب آپ نے فقہ کی تدریس شروع کی اور خود بھی مزید علم حاصل کرتے رہے۔شاید آپ کے اتنے سفروں کا ذکر پڑھ کر ہم یہ محسوس کریں کہ آپ کے پاس وافر پیسے ہوتے ہوں یا کوئی اور آپ کے اخراجات اٹھاتا ہو، ایسا ہرگز نہ تھا۔ یہ آپ کا انتہائی غربت کا زمانہ تھا بلکہ مالی حالت یہاں تک دگرگوں تھی کہ ایک دفعہ آپ بیمار ہو گئے تو لوگوں نے چندہ جمع کر کے آپ کا علاج کروایا۔ان تمام حالات کے باوجود آپ نے حصول علم کو ترک نہ کیا اور اس میدان میں آگے سے آگے ہی قدم بڑھاتے رہے۔اسی دوران آپ نے اس وقت کے امام الحرمین سے بھی کسب فیض کیا اور خاص طور پر علم کلام اور فقہ کے دروس لئے۔

بعد ازاں آپ خوارزم گئے جو اس وقت علوم کا مرقع سمجھا جاتا تھا۔آپ شافعی مسلک سے تعلق رکھتے تھے اور اشعری طبقہ فکر میں سے تھے۔اس شہر میں آپ کے بہت سے مناظرات ومباحثات ہوئے۔خاص طور پر فرقہ معتزلہ سے آپ کی بحثوں نے آپ کو اکثر مشغول رکھا۔لیکن اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آپ کو شہر بدر کر دیا گیا۔اس تلخ تجربے کے بعد آپ ماوراء النہر گئے لیکن وہاں بھی آپ کے ساتھ کچھ مختلف سلوک نہ ہوا اور آپ کو واپس 'رے' آنا پڑا۔

رے میں ایک بہت امیر طبیب تھا جس کی دو بیٹیاں تھیں جبکہ آپ کے دو بیٹے تھے۔طبیب آپ کے علم وفضل کا قائل تھا۔اس نے اپنی دونوں بیٹیوں کی شادی آپ کے دونوں بیٹوں سے کر دی لیکن کچھ ہی عرصہ بعد وہ طبیب فوت ہو گیا اور اس کی جائیداد آپ کے بیٹوں کے تصرف میں آ گئی۔اس طرح آپ کی مالی تنگی کے دن کچھ کم ہوئے۔پھر آپ نے اپنے سفروں کا سلسلہ دوبارہ شروع کر دیا اور غزنی چلے گئے جہاں بادشاہ وقت شہاب الدین غوری نے آپ کی بہت قدردانی کی اور آپ کے رہنے کے لئے ایک خوبصورت محل کا انتظام کروا کے وہاں آپ کے درس و تدریس کا انتظام کروایا۔ کچھ عرصہ بعد بادشاہ نے آپ کو ملکی خزانے کا وزیر بنانے کی خواہش ظاہر کی جو آپ نے کچھ مدت کے لئے قبول کر لی اور ساتھ ساتھ درس و تدریس کو بھی جاری رکھا۔ مدت مقررہ ختم ہونے کے بعد آپ وہاں سے خراسان چلے گئے وہاں بھی بادشاہ سلطان محمد بن تکش جو علاء الدین خوارزم شاہ کے نام سے معروف ہیں، نے آپ کو خوب اعزاز سے محل میں بلوایا اور کچھ عرصہ اپنے پاس رکھنے کی خواہش ظاہر کی۔ اس نے بھی ایک خوبصورت محل آپ کے لئے بنوایا اور وہاں درس وتدریس کا انتظام کروایا۔دور دور سے لوگ آپ کی شاگردی کے لئے آتے اور علوم قرآن وفقہ و اصول وطب وحکمت اور منطق وغیرہ سیکھ کر جاتے تھے۔ روایات کے مطابق آپ کے شاگردوں کی حالت یہ تھی کہ آپ کے سفر کے دوران بھی 300 کے قریب شاگرد آپ کے اردگرد ہوتے اور درس وتدریس کا سلسلہ جاری رہتا۔خراسان میں کچھ عرصہ رہنے کے بعد آپ ہرات میں آ گئے اور یہاں مستقل قیام فرمایا۔ یہاں بھی درس وتدریس اور وعظ ونصیحت کا سلسلہ چلتا رہا اور شاگردوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہوتا رہا۔ لیکن آپ کبھی اس سے نہ گھبراتے اور علوم قرآن کو پھیلانا ہی اپنی زندگی کا مقصد سمجھتے تھے۔آپ کے درس کا طریق یہ تھا کہ لوگ آپ کے اردگرد دائروں میں بیٹھتے تھے اور ایک جم غفیر آپ کا درس سننے کا منتظر ہوتا تھا۔آپ کے قریب آپ کے بڑے بڑے شاگرد مثلاً زین الدین الکشی، قطب مصری اور شہاب الدین نیشاپوری بیٹھتے تھے۔ان کے بعد آپ کے دیگر شاگرد اور ان کے بعد پھر باقی تمام لوگ۔ جب بھی کوئی شخص درس میں سوال کرتا تو آپ کے شاگرد اس کا جواب دیتے۔اگر انہیں نہ آتا تو بڑے شاگرد جواب دیتے اور اگر وہ بھی جواب نہ دیتے تو پھر آپ خود جواب دیتے تھے۔ یہ آپ کا طریق تھا جو آپ کے شاگردوں کے ذہنوں کو جلا بخشنے کے لئے تھا۔

آپ کا وعظ بھی جادو ہوتا تھا جب آپ کسی مجلس میں وعظ فرماتے تو سراپا تاثر بن جاتے اور اکثر آپ کے سامعین آپ کے وعظ کے اثر سے بہت روتے تھے اور خود آپ پر بھی کئی دفعہ رقت طاری ہو جاتی تھی۔وعظ کے دوران جو بھی شخص سوال کرتا اسے پوری توجہ سے سنتے تھے اور اس کا احسن رنگ میں جواب دیتے تھے۔

آپ عام طور پر دو زبانوں عربی اور فارسی میں وعظ فرماتے تھے اور ہرات میں ''شیخ الاسلام'' کے نام سے یاد کئے جاتے تھے۔اس کے علاوہ آپ آس پاس کے علاقوں میں بھی مجالس وعظ ونصیحت منعقد کرتے۔ ہرات میں قیام کے دوران آپ 'بامیان' تک ان مجالس کے لئے گئے۔

آخری عمر میں آپ موت کو اکثر یاد کرتے رہتے اور فرمایا کرتے تھے:۔

میں نے علم اس حد تک حاصل کیا جس حد تک بحیثیت بشر میری طاقت تھی۔اب میری ایک ذرہ برابر خواہش بھی اس کے علاوہ نہیں کہ میں خدا تعالیٰ سے ملاقات کر لوں اور اس کا پیارا چہرہ دیکھ لوں۔

اس کے علاوہ ان ایام میں آپ اکثر اس بات کا ذکر کر کے رویا کرتے تھے کہ میں نے فلسفہ اور بحث مباحثے کے علوم حاصل کر کے اپنا بہت وقت ضائع کیا۔اصل راہ صرف قرآن مجید ہی کی ہے۔ یہ عجیب کتاب ہے اس پر جتنا غور کرو گے اتنا ہی پاؤ گے۔

اس بات کا ذکر آپ نے اپنی وصیت میں بھی کیا اور نصیحت کرتے ہوئے فرمایا:۔

''یقیناً میں نے مباحثات کے ہر طریق کو آزمایا ہے لیکن میں نے اس میں کوئی ایسا فائدہ نہیں دیکھا جو قرآن کے کسی ایک فائدہ کے بھی برابر ہو۔ کیونکہ قرآن ہی وہ چیز ہے جو انسان کے دل میں خدا تعالیٰ کی عظمت اور اطاعت کا مادہ پیدا کر سکتی ہے''۔

پھر اسی وصیت میں جو آپ نے 1209ء میں اپنے شاگرد ابراہیم بن ابی بکر الاصفہانی کو لکھوائی، آپ اپنی تدفین کے بارہ میں نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

''اور میں وصیت کرتا ہوں اور پھر میں وصیت کرتا ہوں اور پھر میں وصیت کرتا ہوں اپنے بیٹے ابی بکر کو اور تمام اپنے شاگردوں کو اور ہر ایک اس کو جس پر میرا کچھ بھی حق ہے کہ جب میں مر جاؤں تو میری موت کی خبر چھپانے کے لئے (یعنی اس کے اخفاء کے لئے) بہت کوشش کریں اور کسی کو اس کی خبر نہ ہونے دیں اور مجھے کفن دیں اور شرعی طریق پر تدفین کریں اور مجھے مزداخان کے پہاڑ پر لے جا کر دفن کر دیں اور جب مجھے لحد میں اتار دیں پھر مجھ پر مٹی ڈال دیں اور پھر دفن کرنے کے بعد یہ کہہ کر واپس آ جائیں ''اے بہت کرم کرنے والے! تیرے حضور ایک محتاج فقیر حاضر ہوا ہے پس اس سے احسان کا سلوک فرما''۔

آپ یکم شوال 606ھ کو ہرات میں فوت ہوئے اور اپنی وصیت کے مطابق دفن ہوئے۔آپ ایک عالم متبحر تھے اور عربی اور فارسی زبان میں آپ کی بہت سی تصانیف آج بھی آپ کے علم سے لوگوں کو فیض پہنچا رہی ہیں۔مطبع البھیۃ مصر سے شائع ہونے والی تفسیر کبیر کے دیباچہ میں آپ کی 67 عربی تصانیف کے نام ہیں جبکہ ان کے علاوہ 8 نامکمل تصانیف کے نام بھی درج ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ فارسی زبان میں بھی آپ کی بہت سی تصانیف ہیں۔آپ کی تصانیف میں سب سے معروف تصنیف تفسیر قرآن ''مفاتیح الغیب'' ہے جسے ''تفسیر کبیر'' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔اس کے علاوہ ایک کتاب ''التفسیر الصغیر'' بھی ہے جس کا اصل نام ''اسرار التنزیل وانوار التاویل'' ہے۔سورۃ فاتحہ سے مستنبط ایک ہزار معارف پر مشتمل بھی آپ کی ایک تفسیر ہے اور ان کے علاوہ فلسفہ، حکمت، طب، علم الابدان، علم الکلام، سیرت، فقہ، حساب، ہندسہ، اقلیدس اور منطق پر بھی آپ کی کتب موجود ہیں۔

آپ کو قرآنی علوم میں خاص ملکہ حاصل تھا اور آپ کی یہ امتیازی خصوصیت ہی دراصل آپ کی شہرت کا موجب ہوئی۔آپ کو قرآن مجید سے خاص محبت تھی اور قرآن مجید کا درس دیتے ہوئے یا قرآن مجید سنتے ہوئے اکثر آپ پر رقت طاری ہو جاتی تھی۔فہم قرآن کے کوچہ میں آپ کے نام کو حضرت مصلح موعود کا یہ شعر دوام بخش گیا ہے۔

پانی کر دے علوم قرآں کو
گاؤں گاؤں میں ایک رازی بخش

اللہ تعالیٰ کرے کہ ہم بھی حضرت مصلح موعود کی اس دعا کے مصداق بن جائیں۔آمین

یہ مُنہ جھوٹوں کا نہیں ہو سکتا

جب شہدائے افغانستان پر پتھر پڑتے تھے تو وہ گھبراتے نہیں تھے بلکہ استقامت اور دلیری کے ساتھ ان کو قبول کرتے تھے اور جب بہت زیادہ ان پر پتھر پڑے تو صاحبزادہ عبداللطیف صاحب شہید' نعمت اللہ خان صاحب اور دوسرے شہداء نے یہی کہا کہ یا الٰہی! ان لوگوں پر رحم کر اور انہیں ہدایت دے۔ بات یہ ہے کہ جب عشق کا جذبہ انسان کے اندر ہو تو اس کا رنگ ہی بدل جاتا ہے' اس کی بات میں تاثیر پیدا ہو جاتی ہے اور اس کے چہرہ کی نورانی شعاعیں لوگوں کو کھینچ لیتی ہیں۔ مجھے یاد ہے حضرت مسیح موعود کے زمانہ میں یہاں ہزاروں لوگ آئے اور انہوں نے جب حضرت مسیح موعود کو دیکھا تو یہی کہا کہ یہ منہ جھوٹوں کا نہیں ہو سکتا۔انہوں نے ایک لفظ بھی آپ کے منہ سے نہ سنا اور ایمان لے آئے۔

(انوار العلوم جلد نمبر 13 صفحہ 96)

فٹ بال کی تاریخ اور قواعد وضوابط

400 قبل مسیح میں فٹ بال کی ابتداء چین میں ہوئی۔ 200ء میں رومن اس کھیل سے آشنا ہوئے۔ کھیل کے میدان میں دو ٹیمیں کھیلا کرتیں اور بہت کھلے فاصلے پر دونوں اطراف ایک لکیر کھینچ دی جاتی، فٹ بال لکیر سے عبور کرنے پر ایک ٹیم کا نمبر شمار کیا جاتا۔ اس کھیل میں گیند کو پاؤں سے ہٹ نہیں کرتے تھے۔ اپنے ساتھیوں کو ہاتھوں سے پاس دے کر لکیر سے کراس کرایا جاتا تھا۔ 1100ء میں لندن میں ساکر قسم کا کھیل ایجاد ہوا۔ 1800ء میں یہ کھیل انگلستان کے تمام تعلیمی اداروں میں متعارف کرایا گیا۔ 1898ء میں کیمبرج کے بڑے تعلیمی کالجوں میں اسے کھیلا جانے لگا اور 1863ء میں آل انگلینڈ فٹ بال ایسوسی ایشن قائم کی گئی۔ 1900ء میں فٹ بال یورپ کے کئی ممالک میں کھیلا جانے لگا۔ بیلجیئم، اٹلی، چلی، ڈنمارک، نیدرلینڈ اور سوئٹزرلینڈ میں اسے عوامی سطح پر کھیلا گیا۔ 1904ء میں فٹ بال کی عالمی تنظیم De Football Federation International قائم کی گئی۔ بعد میں فٹ بال امریکی ممالک میں متعارف ہوا۔ فٹ بال دنیا کے ہر ملک میں کھیلا جاتا ہے۔ 100 سے زائد ممالک میں اسے تنظیمی سطح پر قواعد وضوابط کے مطابق، تعلیمی اداروں، پرائیویٹ کلبوں، صوبائی اور ملکی سطح پر بھی کھیلتے ہیں۔ دنیا کے 50 سے زائد ممالک عالمی مقابلوں میں حصہ لیتے ہیں۔ اس کھیل کا بڑا انعام Jules Rimet Cup ہے۔ دنیا کے لاکھوں افراد ہر ہفتے مختلف ممالک کے مقابلے دیکھتے ہیں۔ بیشتر لوگ ٹیلیویژن پر اس کھیل کے عالمی مقابلوں سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔

برطانوی حکومت نے اپنے دور اقتدار میں برصغیر میں اس کھیل کو متعارف کرایا۔ برطانوی فوجی 1927ء میں اس کھیل کے دوسرے بڑے انعام Durand Cup کے حصول کے لئے ٹورنامنٹس میں حصہ لیا کرتے۔ محمڈن سپورٹنگ کلب کلکتہ کے نامور کھلاڑیوں میں اور پاکستان کے مشہور کھلاڑیوں میں مولوی عبدالحمید، صمد، باچی خان، شیدو، رشید سنٹر، فیض محمد، جمع خان اور عثمان قابل ذکر ہیں۔ 5 دسمبر 1947ء کو پاکستان فٹ بال ایسوسی ایشن (فیڈریشن) قائم ہوئی اور قائداعظم محمد علی جناح بانی پاکستان اس تنظیم کے چیف پیٹرن بنے۔ 1948ء میں فٹ بال کی عالمی تنظیم FIFA نے پاکستان فٹ بال فیڈریشن کو تسلیم کیا۔ 1950ء میں پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے صدر خواجہ شہاب الدین اور اعزازی سیکرٹری ونگ کمانڈر صوفی نے اپنی خدمات پیش کیں۔ اسی سال پاکستان فٹ بال کی ٹیم نے پہلا غیر ملکی دورہ ایران کا کیا، پھر عراق گئی۔ 1954ء میں پاکستان نے منیلا میں ہونے والے مقابلوں کی ایشین گیمز میں شرکت کی۔ 1958ء میں ٹوکیو ایشین گیمز میں شریک ہوا۔

قواعد وضوابط

کھیل کا میدان The Field of Play

کھیل کا میدان مستطیل (Rectangle) شکل میں ہوگا۔

میدان پر قدرتی یا مصنوعی گھاس ہوگی۔

کھیلنے کا حقیقی ایریا (Pitch) کی لمبائی کم سے کم 100 گز (91.4 میٹرز) اور زیادہ سے زیادہ 130 گز (110 میٹرز) ہوگی۔

پچ کی کم سے کم چوڑائی 50 گز (45.7 میٹرز) اور زیادہ سے زیادہ 100 گز (91.4 میٹرز) ہوگی۔

پچ کا مرکزی نشان (دائرہ) 10 گز (9.14 میٹرز) کے قطر میں ہوگا۔

میدان کے ہر کونے پر جھنڈیاں Flag Post نصب ہوں گے، درمیانی حصہ میں لگانا ضروری نہیں۔ یہ جھنڈیاں کھیل کے میدان کا حصہ ہوں گی۔ جھنڈے کا ستون 5 فٹ بلند ہوگا۔ اس سے کم بلندی کا ستون کبھی بھی کسی کھلاڑی کا پاؤں لگنے سے گرسکتا ہے۔

مارکنگ کے مقررہ نشانات کے علاوہ دوسرا کوئی نشان لگانے کی اجازت نہیں ہے۔

گیند The Ball

☆ گیند چمڑے کا بنا ہوا ہو یا تنظیمی طور پر کسی منظور شدہ مٹیریل سے تیار کیا گیا ہو۔ کچھ فٹ بال سپیشل مٹیریل سے تیار کئے جاتے ہیں۔

☆ گیند کا محیط 28,27 انچ (66 تا 71 سینٹی میٹر) تک ہو۔

☆ کھیل کے آغاز ہونے پر فٹ بال کا وزن 14 سے 16 اونس (396 تا 453 گرام) ہو۔

☆ کھیل شروع کرنے سے پہلے فٹ بال کا وزن چیک کر لیا جائے۔

☆ فٹ بال میں ہوا کا پریشر 8.5 اور 15.5 پاؤنڈ فی مربع انچ ہو۔

☆ اگر آپ کے پاس ہوا کا دباؤ ماپنے کا آلہ Pressure Guage نہ ہو اور آپ گیند کے پریشر کا اندازہ لگانا چاہتے ہوں تو اپنے دونوں انگوٹھوں سے فٹ بال کو دبائیں۔ اگر فٹ بال کو 1/2 سے 3/4 (ایک انچ کا حصہ) دبا سکیں تو یہ پریشر آپ کے کھیلنے کے لئے موزوں ہے۔ آپ اس فٹ بال سے کھیل سکتے ہیں۔

☆ میچ کے دوران صرف ریفری گیند کو تبدیل کرنے کی اجازت دے سکتا ہے۔ کھیل کے دورانیہ میں اگر اس کی ہوا کم معلوم دے تو ریفری کھیل رکوا کر دوسرا بال دے گا اور اسی جگہ سے اسی پوزیشن میں کھیل دوبارہ شروع کرائے گا جہاں سے گیند خراب ہوا تھا۔

کھلاڑیوں کی تعداد

فٹ بال ٹیم میں گیارہ کھلاڑی ہوں گے جن میں ایک گول کیپر ہوگا۔ یعنی دس کھلاڑی ایک گول کیپر، بعض مقابلوں میں ٹیم گول کیپر کے بغیر بھی کھیلتی ہے، لیکن یہ تربیتی کورس کے دوران اجازت ہے جہاں گول کیپر کو فٹ بال کے ہر حصے میں کھیل کی تربیت دینا مقصود ہو۔ امریکی ممالک میں ایسا ممکن ہے، برطانوی یا یورپی ممالک میں نہیں۔

متبادل کھلاڑی استعمال کئے جاسکتے ہیں لیکن اس کے لئے ٹورنامنٹس کی انتظامیہ سے کھیل سے قبل اجازت لینی ضروری ہے۔ ایک میچ میں دو کھلاڑیوں سے زیادہ متبادل کھلاڑی نہیں رکھے جاسکتے۔ بعض اوقات انٹرنیشنل مقابلوں میں پانچ کھلاڑی تک تبدیل کئے جاتے ہیں۔ تاہم دو کھلاڑیوں سے زیادہ متبادل نہیں رکھے جاتے۔

اگر آپ متبادل کھلاڑی ہیں تو آپ اسی صورت میں کھیل میں شامل ہوسکتے ہیں اگر:

جب ریفری آپ کو کھیل میں آنے کی اجازت دے۔

وہ کھلاڑی جس کی جگہ آپ جارہے ہیں وہ کھیل کے میدان سے باہر آجائے۔

جب ریفری نے اس مقصد کے لئے یا کسی اور بنا پر کھیل روکا ہوا ہو۔

جب نصف کھیل پورا ہو چکا ہو۔

اگر آپ وہ کھلاڑی ہیں کہ آپ کا متبادل لایا جانے والا ہو تو آپ کسی بھی پوائنٹ پر کھیل کے میدان سے باہر آسکتے ہیں لیکن ریفری کی اجازت پھر بھی ضروری ہے۔ اس صورت میں آپ کا متبادل نصف کھیل کے ختم ہونے سے پہلے بھی ریفری کو اطلاع دے کر میدان میں آسکتا ہے۔

کھلاڑی کا سامان

Player's Equipment

کھلاڑیوں کو ایسی کوئی چیز پہننے کی اجازت نہیں ہے جس سے دوسرے کھلاڑیوں کو چوٹ یا ضرب لگنے کا خطرہ ہو۔ ان اشیاء میں انگوٹھیاں، تمغے جو چین کی صورت میں گردن کے گرد پہنے ہوں۔ ارجنٹائن میں ہونے والے ورلڈ کپ فائنل کے مقابلے کے دوران 1978ء میں ارجنٹائن کی ٹیم نے ہالینڈ کے ایک کھلاڑی کو جس نے اپنی کلائی پر حفاظتی پلاستر باندھا ہوا تھا، کو اتارنے کی اپیل کی اور مقابلہ دو منٹ رک گیا تھا۔

کھیل کے میدان میں اگر ریفری آپ کے گلے یا بازو پر باندھی ہوئی کوئی چیز دیکھے جو دوسری ٹیم کے کسی کھلاڑی کے لئے خطرناک ثابت ہو تو وہ اسے میدان سے باہر جانے کو کہہ دے گا اور اسے اتار کر واپس دوبارہ کھیل میں شامل ہوسکے گا۔ یہ آپ کے بوٹ کا غلط چھلی دار کیل (Stud) بھی ہوسکتا ہے۔ جسے آپ اسی وقت نکال دیں یہ آپ کے اور کھیل کے لئے بھی نقصان دہ ہوسکتا ہے۔

جب آپ جوتے خریدیں تو جوتے کی مقررہ ڈرائنگ کے مطابق ہوں۔ زیر استعمال جوتے کی اگر مرمت درکار ہو تو مقابلے میں شرکت سے پہلے اسے اچھی طرح چیک کرلیں۔ جوتے کی سٹڈ میں نقص حادثہ کا باعث ہوسکتا ہے۔

ریفری کا یونیفارم عام کھلاڑی اور گول کیپر سے مختلف ہوتا ہے کہ انہیں کھیل کے دوران آسانی سے پہچانا جاسکے۔ پنلٹی ایریا میں بھی یونیفارم شناخت میں مدد دیتی ہے۔

ریفری The Referee

کھیل شروع ہونے سے پہلے بھی ریفری سب امور کا انچارج ہوتا ہے۔

وہ پہلے میدان میں آکر نیٹس Nets گول اور جھنڈیوں کے علاوہ لائنوں کو اچھی طرح چیک کرے کہ سارے امور درست ہیں یا نہیں۔

کھیل شروع ہونے سے پہلے اگر کوئی خلاف ضابطہ کوئی کام کرے یا غیر شائستہ گفتگو، ریفری یا کسی دوسرے کھلاڑی سے کرے تو ریفری اسے کھیل کے میدان سے نکال دینے کا مجاز ہے۔

ریفری کسی مرحلہ پر خلاف ضابطہ عمل ہونے سے کوئی ایکشن نہیں لیتا۔ اس کھلاڑی کے بارے میں ریفری کے اچھے تاثرات ہوتے ہیں جو اسے یہ سوچنے پر مجبور کردیتے ہیں کہ کھیل میں اس کے آگے بڑھنے کے روشن امکانات ہیں اور وہ گول کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ ریفری کی اس طائرانہ سوچ کو "Playing the Advantage" کا نام دیا جاتا ہے۔

ریفری وقت کا ریکارڈ رکھتا ہے۔ دوران کھیل کسی حادثہ یا کسی کھلاڑی کو خلاف ضابطہ کارروائی پر عمل کراتے وقت جو وقت صرف ہوا ہو وہ اسے ضائع نہیں ہونے دیتا بالکل پورا وقت ہونے پر ضائع شدہ وقت کھیل میں شامل کرکے کھیل کا دورانیہ بڑھا دیتا ہے۔

موسم کی خرابی یا تماشائیوں کی ہلڑ بازی یا کسی ایسے ہنگامہ کی صورت میں ریفری کھیل کو رکوا سکتا ہے یا چند ناگزیر حالات کی بناء پر کھیل منسوخ بھی کرا سکتا ہے۔

ریفری کی اجازت کے بغیر کھلاڑی یا لائنز مین کے علاوہ دوسرے کوئی افراد گراؤنڈ میں داخل نہیں ہوسکتے۔ زیر تربیت کھلاڑی یا تربیت دینے والا Trainer بھی ریفری کی اجازت کے بغیر کھیل کے میدان میں داخل نہیں ہوسکتا۔

اگر کوئی کھلاڑی دوران کھیل کسی وجہ سے شدید زخمی ہو جائے یا زیادہ چوٹ لگ جائے تو کھلاڑی کو دیکھتے ہی ریفری فوری طور پر کھیل بند کروا دے گا اور گیند کو اسی حالت میں رہنے دے گا۔ اگر آپ کو معمولی چوٹ آئی ہو تو ریفری آپ کو گراؤنڈ سے باہر جانے کی

اجازت دے گا۔

ریفری کا فیصلہ حتمی ہوتا ہے۔کوئی گیم دوبارہ کبھی نہیں کھیلی گئی، چاہے ریفری کے فیصلے کو غلط ہی تصور کیوں نہ کیا گیا ہو۔

ریفری کے فیصلے پر کبھی دلائل نہ دیں نہ ہی کوئی سوال اٹھائیں۔اگر آپ اس سے بحث کریں گے تو وہ اپنا فیصلہ نہیں بدلے گا۔آپ کے اس طرزعمل پر وہ آپ کو وارننگ دے سکنے کا مجاز ہوتا ہے۔اگر آپ ریفری کے فیصلے کو تسلیم کریں تو وہ ہر حالت میں آپ کی عزت بھی کرے گا۔خواہ آپ کی سوچ کے مطابق ریفری کا فیصلہ غلط ہی کیوں نہ ہو۔کھیل کے دوران کھلاڑی ریفری سے زیادہ غلطیاں کرتے ہیں۔

آپ اس نقطہ نظر کو یاد رکھنے کی کوشش کریں کہ ریفری کا فیصلہ ہونے والے خلاف ضابطہ عمل کو دیکھنے کے بعد ہوتا ہے۔خواہ آپ اس کے فیصلہ سے مطمئن نہ بھی ہوں کیونکہ معاملہ کو آپ اپنے انداز نظر سے دیکھتے ہیں۔ریفری کو فیصلہ جلد ہی دینا ہوتا ہے۔اسے کرکٹ کے کھیل کی طرح آہستہ ایکشن میں Replay کرانے کی سہولت میسر نہیں ہوتی جسے وہ ٹیلیویژن پر دکھا سکے۔دوران کھیل ریفری نے جس عمل کو خلاف ضابطہ قرار دیا ہو اسے تسلیم کرنا پڑے گا۔فٹ بال بھی ہاکی کی طرح تیز کھیل ہے۔بعض باریکیاں چیلنج نہیں کی جاسکتیں انہیں ریفری جس زاویے سے دیکھ کر فیصلہ دے، قبول کرنا ہوگا۔

کھلاڑی کو کشادہ ذہن اور فراخ دل ہونا چاہئے، بعض اوقات ایسا کرنا مشکل ہو جاتا ہے ان جذبات میں جب آپ کی ٹیم کو ریفری ضابطہ کے خلاف کسی عمل میں سزا کے طور پر پنلٹی کارنر سے گزارے۔شکست میں بھی اچھے کھلاڑی ہونے کا ثبوت دیں اور ریفری اس کی اچھی کارکردگی پر شکریہ ادا کریں۔ٹیلیویژن پر کھیل ختم ہونے پر آپ نے دیکھا ہوگا کہ دونوں ٹیموں کے کھلاڑی ریفری سے ہاتھ ملاتے ہیں۔کھیل میں ریفری کے غیر جانبدار رہونے کا عمل ہے۔

لائنزمین Lines Men

کھیل کو کنٹرول کرنے کے لئے ریفری کی مدد کے لئے دو لائنزمین کی تقرری عمل میں لائی جاتی ہے۔

آپ ہمیشہ یاد رکھیں کہ لائنزمین کوئی فیصلہ نہیں دیتے۔لائنزمین کھیل میں کسی ضابطہ کی خلاف ورزی ہونے پر ریفری کو اشارہ دیتے ہیں (Indicate) کرتے ہیں۔اس مرحلہ پر ریفری فیصلہ کرے گا کہ کھیل کو روکا جائے یا نہیں۔اسی دوران اکثر کئی گول سکور ہو جاتے ہیں۔جب لائنزمین جھنڈی اٹھائے کھڑے ہوتے ہیں اور کھلاڑی کھیل روک لیتے ہیں۔کھلاڑی اپنا کھیل جاری رکھیں اور جب تک ریفری اپنی سیٹی Whistle نہ بجائے۔

کھیل کا دورانیہ
Duration of the Game

کھیل کا دورانیہ 90 منٹ کا ہوتا ہے، جو 45,45 منٹ کے دو وقفوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

دونوں ٹیمیں پہلے ہاف کے بعد اپنی سائیڈز تبدیل کر لیتی ہیں۔

سکول یا کالج کے جونیئر کھلاڑی 45 منٹ سے کم مدت کا وقفہ رکھتے ہیں۔یہ تربیتی کورس کے عمل کا حصہ ہوتا ہے۔

کھیل کے دوران اگر کوئی کھلاڑی زخمی ہو جائے یا کسی اور وجہ سے کھیل روکنا پڑے تو کھیل کے مقررہ وقت پورا ہونے کے بعد ضائع شدہ وقت کھیل میں شامل کرلیا جاتا ہے تاکہ کھیل کا ایک دورانیہ 45 منٹ سے کم نہ ہو۔

اگر کسی ہاف کے آخر میں پنلٹی کک دی جانی مقصود ہو تو کک لگانے کے لئے مزید تھوڑا وقت بڑھایا جاسکتا ہے۔

ہاف ٹائم کے بعد 5 فٹ کا وقفہ ہوتا ہے۔ریفری کی اجازت سے یہ وقفہ بڑھایا بھی جاسکتا ہے۔

ہاف ٹائم کا وقفہ ہر کھلاڑی کا حق ہے۔

کھیل کا آغاز
The Start of Play

کھیل شروع کرنے سے پہلے ٹاس Toss کیا جاتا ہے۔ٹاس جیتنے والی ٹیم کا کپتان اپنی مرضی کی سائیڈ منتخب کرتا ہے۔

اب دونوں ٹیمیں اپنے اپنے ہاف میں کھڑی ہو جاتی ہیں۔

دونوں ٹیموں کے کپتان گراؤنڈ کے مرکز میں ایک دوسرے کے سامنے کھڑے ہو جاتے ہیں۔

ریفری کی سیٹی بجنے پر کھیل شروع ہو جاتا ہے۔ لیکن اسے کھیل شروع کرنے کا سگنل کہا جاتا ہے۔

کھیل اس وقت شروع ہوتا ہے جب ٹاس جیتنے والی ٹیم کی طرف سے مخالف ٹیم کے ہاف میں گیند پہنچ جائے۔کھیل کی پہلی کک Kick ٹاس جیتنے والی ٹیم کی طرف سے لگے گی اور اس کک کی لمبائی کم از کم 27 یا 28 انچ ہونی چاہئے۔

کک لگانے والا کھلاڑی فٹ بال کو دوبارہ اس وقت تک ہٹ نہیں کرسکتا جب تک کہ اسے دوسرا کھلاڑی نہ کھیل لے۔لیکن کک لگانے والے کھلاڑی کی ٹیم کا کھلاڑی اسے کک کرسکتا ہے۔

پہلی کک لگانے سے گول تسلیم نہیں کیا جائے گا یعنی پہلی کک کو براہ راست گول میں نہیں ڈالا جاسکتا جب تک دوسرا کھلاڑی اسے چھو نہ لے یعنی دوسرے کھلاڑی کی کک لگنی ضروری ہے۔

بعض اوقات ریفری کے لئے یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ کھیل کو فوری طور پر روک دے چاہے گیند کھیل میں ہو اور کوئی فاؤل بھی نہ ہوا ہو یہ اس صورت میں ہوتا ہے اگر:

کوئی کھلاڑی زخمی ہو جائے اور اسے طبی امداد کی ضرورت ہو۔ایسی صورت میں ریفری کھیل کو دوبارہ شروع کرائے گا اور دونوں ٹیموں کے برابر تعداد کے کھلاڑیوں کے درمیان گیند کو اچھال دے گا۔عموماً دونوں ٹیموں کا ایک ایک کھلاڑی ہوتا ہے۔اس پوزیشن میں جب گیند زمین کو چھو لے گا تو کھیل شروع تسلیم کیا جائے گا۔گیند جب تک گراؤنڈ کو چھو نہ لے کھلاڑی اسے کھیل میں نہیں لا سکتے۔

اگر آپ ایک ایسا میچ کھیل رہے ہیں جہاں ایکسٹرا ٹائم ضروری ہے تو کھیل شروع کرنے سے پہلے دونوں ٹیموں کے کپتان دوبارہ سکہ اچھال کر ٹاس کریں گے کہ کھیل کے میدان کی کون سی سائیڈ منتخب کرنا چاہتے ہیں۔

گیند کھیل میں اور کھیل سے باہر

گیند جب گول لائن کو کراس کرلے یا Touch Line سے باہر آجائے تو اسے کھیل کی حدود سے باہر سمجھا جائے گا۔گیند فضا میں ہو یا گراؤنڈ میں اسے کھیلنا خلاف ضابطہ ہے۔جو گیند لائن کے ساتھ دوڑتا رہے اسے کھیل میں شمار کیا جائے گا۔

جب ریفری کسی وجہ سے کھیل کو روک دے تو بھی گیند سے کھیلنا خلاف قانون ہوگا۔

اگر گیند گول پوسٹ کو لگ جائے یا کونے کی جھنڈیوں سے ٹکرا جائے، ریفری یا لائنزمین سے چھو جائے (اگر وہ کھیل کے میدان میں موجود ہوں) تو بھی گیند کھیل میں شمار ہوگا۔

بعض اوقات کھلاڑی ریفری سے اپیل کریں گے کہ گیند کھیل کی حدود سے باہر ہے تو جب تک ریفری کھیل کو فوری طور پر نہ روکے تو یہی سمجھا جائے کہ گیند کھیل میں ہے۔ایسی پوزیشن میں جب مخالف فیصلہ کے لئے اپیل کرتے ہیں اور کھڑے رہتے ہیں مگر گول ہو جاتا ہے۔اس لئے بہتر ہے کہ ریفری کے ایکشن کے بغیر کھیل کو کھلاڑی خود نہ روکیں۔

اگر ریفری کھلاڑی کی اپیل کو سنے اور کوئی فیصلہ نہ دے تو وہ بلند آواز سے پکارے گا ''کھیل جاری رکھو Play on'' لیکن جب تک ریفری کی سیٹی نہ بجے اس وقت تک کھیل جاری رکھیں۔

سکور کرنے کا طریقہ
Method of Scoring

گیند فضا میں ہو یا گراؤنڈ میں اگر سارا گیند کراس بار کے نیچے سے گول پوسٹ میں داخل ہو جائے اور اسے اٹھایا نہ گیا ہو، پھینکا نہ گیا ہو یا چھوا نہ گیا ہو تو اسے گول سمجھا جائے گا۔

اگر گیند گول پوسٹ یا کراس بار سے ٹکرا کر واپس آجائے تو اسے گول قرار نہیں دیا جائے گا۔

اگر گول کیپر اپنے پنلٹی ایریا میں کھڑا ہو کر مخالف ٹیم کے گول میں لمبی ہٹ لگا دے تو گول کرنے کی اجازت ہوگی کیونکہ گول کیپر اپنے پنلٹی ایریا میں اپنے ہاتھوں کو استعمال کرسکتا ہے۔

آف سائیڈ Off Side

کھلاڑی کو آف سائیڈ قرار دیا جائے گا جب وہ گیند کے مقابلے میں مخالف ٹیم کی گول لائن کے زیادہ قریب ہو اور بال کو اس کے ساتھی کھلاڑی نے کھیل لیا ہو۔تاہم:

کھلاڑی کو آف سائیڈ قرار نہیں دیا جاسکتا اگر وہ فیلڈ کے اپنے ہاف میں ہو۔

کھلاڑی کو آف سائیڈ قرار نہیں دیا جاسکتا اگر مخالف ٹیم کے دو یا زیادہ کھلاڑی اس جگہ موجود ہوں جہاں وہ کھڑا ہے۔

کھلاڑی کو آف سائیڈ قرار نہیں دیا جاسکتا اگر کسی کھلاڑی نے بال کو گول کک، کارنر کک یا تھرو ان یا ڈراپ بال کے نتیجے میں حاصل کیا ہو۔بال کو ریفری ڈراپ کرتا ہے۔

آف سائیڈ اس وقت قرار دیا جاتا ہے جب بال کو حملہ آور کھلاڑی کھیلے۔ جب کھلاڑی بال کو ریسیو کرے تو وہ آف سائیڈ قرار دیا جائے گا۔ جب گیند اس پر کھیلا جائے تو وہ آن سائیڈ On Side قرار دیا جائے گا۔

بعض اوقات کھلاڑی آف سائیڈ پوزیشن میں ہوتا ہے لیکن وہ کھیل سے دور کھڑا ہوتا ہے کہ ریفری یہ فیصلہ کرے کہ وہ کھیل میں مداخلت نہیں کر رہا۔تو ایسی پوزیشن میں ریفری آف سائیڈ کا فیصلہ نہیں دے گا۔

آپ اپنے آپ کو آن سائیڈ (On Side) میں شمار نہیں کر سکتے اگر آپ آف سائیڈ پوزیشن میں ہوں۔

آپ کو آف سائیڈ تصور کیا جائے گا اگر ریفری یہ سوچے کہ آپ کھیل میں مداخلت کر رہے ہیں اور اس پوزیشن میں آپ نے کوئی فائدہ اٹھایا ہے۔

فاؤلز اور ناشائستہ حرکات
Fouls and Misconduct

اگر کوئی کھلاڑی جان بوجھ کر مندرجہ ذیل 9 میں سے کوئی خلاف ورزی کرے تو ریفری مخالف ٹیم کو ڈائریکٹ فری کک لگانے کا فائدہ دے گا جہاں سے خلاف ورزی کی گئی ہو۔

مخالف کھلاڑی پر تشدد آمیز اور خطرناک طریقے سے الزام لگانا۔

مخالف کھلاڑی پر پیچھے سے حملہ کرنا۔

مخالف کھلاڑی کو پکڑ کر روکنا۔

مخالف کھلاڑی پر جمپ لگا کر گیند کو غیر قانونی طریقے سے چھیننے کی کوشش کرنا۔

مخالف کھلاڑی کو ٹھوکر لگانا (Trips) کرنا۔

مخالف کھلاڑی کو روکنے اور دھکا دینے کی کوشش کرنا۔

مخالف کھلاڑی کو کک لگا کر گرانے کی کوشش کرنا۔

ریفری سے غیر اخلاقی رویے کا اظہار کرنا۔

مخالف کھلاڑی سے فحش کلامی کرنا۔

فری ککس Free Kicks

دو طرح کی فری ککس ہوتی ہیں: (یہ رولز کی خلاف ورزی پر دی جاتی ہیں)

ڈائریکٹ فری کک۔

ان ڈائریکٹ فری کک۔

ڈائریکٹ فری کک ایسی کک ہے جس سے گول سکور کیا جاسکتا ہے۔ یہ حملہ آور ٹیم کے جارحانہ کھیل کے نتیجہ میں لگائی جاتی ہے۔ ان ڈائریکٹ فری کک ایسی کک ہے جس کے لگانے سے گول سکور نہیں کیا جاسکتا۔ اس میں کھلاڑی اپنے ساتھی کو قانون کی حدود میں رہ کر صرف پاس ہی دے سکتا ہے۔ پاس وصول کرنے والا کھلاڑی گول کرسکتا ہے۔

اگر دفاعی کھلاڑی اپنے پنلٹی ایریا سے کسی قسم کی فری کک لگائے تو مخالف کھلاڑی گیند سے کم از کم 10 گز کے فاصلے پر کھڑے ہوں۔

گول کیپر فری کک سے لگائے ہوئے بال کو اپنے ہاتھوں سے نہیں پکڑ سکتا جو پنلٹی ایریا کی اندرونی جانب سے لگائی گئی ہو۔ گیند پنلٹی ایریا کے باہر سے داخل ہو۔

تمام فری ککس میں تمام مخالف کھلاڑی گیند سے 10 گز کے فاصلے پر کھڑے رہیں جب تک گیند کھیل میں نہیں آتا۔

اگر پنلٹی ایریا میں ان ڈائریکٹ فری کک حملہ آور ٹیم کو دے دی جائے اور دفاعی کھلاڑیوں کے لئے یہ ممکن نہ ہو کہ وہ دس گز کے فاصلے پر دوبارہ آجائیں، تو پھر دفاعی کھلاڑیوں کو گول لائن پر اپنی پوزیشن سنبھالنے کی اجازت ہوگی۔

کھلاڑی کک لگانے کے بعد دوسری بار اس وقت تک کک نہیں لگا سکتا جب تک بال کو دوسرا کھلاڑی خواہ مخالف ہی کیوں نہ ہو کک نہ لگائے۔ اگر اس ضابطے کی خلاف ورزی کی گئی تو ان ڈائریکٹ کک لگائی جائے گی۔

پنلٹی ککس Penalty Kicks

گیند کک ہونے سے پہلے گول کیپر، گول لائن پر کھڑا رہے، دونوں گول پوسٹ کے درمیان اور اپنے پاؤں کو حرکت نہ دے، جب تک آپ کا کھلاڑی پنلٹی کک نہ لگا سکے۔ اس کک کا دفاع صرف گول کیپر ہی کرسکتا ہے۔ باقی کھلاڑی اس گیند کو روک نہیں سکتے۔

اگر دفاعی ٹیم کوئی غلطی کردے تو کک دوبارہ لگائی جائے گی۔ اگر حملہ آور ٹیم کا کوئی کھلاڑی غلطی کردے اور گول ہوجائے تو اس گول کو تسلیم نہیں کیا جائے گا اور کک دوبارہ لگائی جائے گی۔

جب حملہ آور ٹیم کا کھلاڑی کک لگائے تو گول کیپر کو یہ معلوم نہ ہو کہ کک کس سمت سے لگائی جانے والی ہے۔ اچانک موقعہ کی مناسبت سے کک لگائی جائے تاکہ گول ہوجائے۔

تھروان Throw In

جس ٹیم کے کھلاڑی نے آخری بار گیند کو چھوا ہو اس کی مخالف ٹیم کا کھلاڑی اپنے دونوں ہاتھوں سے تھرو کرے گا۔

تھرو کرتے وقت کھلاڑی کا چہرہ گراؤنڈ کی جانب ہوگا اور وہ دونوں ہاتھوں کو سر کے پیچھے لے جاکر اوپر سے بال پھینکے گا۔ جمپ لگا کر تھرو نہیں کی جاسکتی۔ آپ کے پاؤں ہر حالت میں گراؤنڈ کو چھوتے رہنے چاہئیں۔ تھروان سے ڈائریکٹ گول نہیں ہوسکتا۔

گول کک Goal Kick

جب بال گول لائن سے گزر جائے لیکن گول میں نہ ہو اور حملہ آور ٹیم کے کھلاڑی نے کھیل لیا ہو تو گول کک دی جاتی ہے۔

گول کک سے پہلے بال پنلٹی ایریا سے باہر نکل چکا ہو۔

کک سے گول کیپر بال کو اپنے ہاتھوں سے نہیں پکڑ سکتا۔ اگر بال پنلٹی ایریا سے باہر نہ جائے تو کک دوبارہ لگائی جائے گی۔

کک لگانے والا کھلاڑی گیند کو اس وقت تک دوبارہ نہیں کھیل سکتا جب تک دوسرا کھلاڑی اسے نہ کھیل لے۔

گول کک سے ڈائریکٹ گول سکور نہیں کیا جاسکتا۔

گول کک لگانے والے کھلاڑی کے مخالف اس وقت تک پنلٹی ایریا سے باہر رہیں گے جب تک گیند کھیل میں نہیں آتا۔

کارنر کک Corner Kick

جب بال گول لائن کو عبور کرلے لیکن گول میں نہ جائے اور آخر میں کھیلا گیا ہو یا دفاعی کھلاڑی نے اسے چھولیا ہو تو پھر کارنر کک دی جاتی ہے۔

یہ کک کوارٹر سرکل سے لی جائے گی۔ جھنڈیوں کے ستون (Flag Post) کو نہ ہٹایا جائے جس سے کک لگانے میں آسانی ہو کارنر کک سے آپ ڈائریکٹ گول کرسکتے ہیں۔

تمام مخالف کھلاڑی گیند سے 10 گز کے فاصلے پر رہیں جب تک کھیل شروع نہ ہو۔

کک لگانے والا کھلاڑی گیند کو دوبارہ اس وقت تک ہٹ نہیں کرسکتا جب تک دوسرا کوئی کھلاڑی اسے نہ کھیلے۔

بڑا سایہ دار درخت

بھارت کے شہر کولکتہ (کلکتہ) میں ایک ایسا درخت موجود ہے جس کے نیچے 7 ہزار آدمی بیٹھ سکتے ہیں۔ اس کی 250 بڑی اور 3000 چھوٹی شاخیں ہیں۔ یہ دنیا کا سب سے بڑا سایہ دار درخت ہے۔

مجلس انصار اللہ جرمنی کا 27واں سالانہ اجتماع

مورخہ 8 تا 10 جون 2007ء مجلس انصاراللہ جرمنی کا ستائیسواں سالانہ اجتماع ''ڈی برگ'' شہر میں اپنی شاندار روایات کے ساتھ منعقد ہوا۔ اس شہر میں یہ اجتماع دوسری مرتبہ منعقد ہوا۔ اس مرتبہ بھی شہر نے خوش دلی سے اجتماع کی ضروریات پوری کیں اور اپنے سکول کمپلیکس کی عمارات وکھیل کے میدان مجلس کے حوالے کردیئے۔

اجتماع کے پہلے دن دوپہر ایک بجکر پندرہ منٹ پر تقریب پرچم کشائی ہوئی جس کے بعد خطبہ جمعہ ونماز کے ساتھ اجتماع کا آغاز ہوا۔ تمام حاضرین نے صفوں میں بیٹھے بیٹھے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ سنا جو اسی وقت لندن سے ایم ٹی اے کے ذریعہ براہ راست نشر ہورہا تھا۔ کھانے کے وقفہ کے بعد افتتاحی اجلاس میں تلاوت قرآن کریم، عہد ونظم کے بعد اپنے افتتاحی خطاب میں مکرم صدر صاحب نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا پیغام پڑھ کر سنایا جس میں حضور انور نے پنجوقتہ نمازوں کی پابندی پر زور دیا۔ جس کے بعد علمی اور ورزشی مقابلہ جات شروع ہوئے۔ علمی مقابلہ جات میں مقابلہ حفظ قرآن، ترجمۃ القرآن، نظم تقریر اور ورزشی مقابلہ جات میں کلائی پکڑنا اور والی بال شامل تھے۔

مورخہ 9 جون کو ورزشی مقابلہ جات، دوڑ، گولہ پھینکنا، رسہ کشی، پیدل چلنا وغیرہ، خوشگوار موسم کی وجہ سے پروگرام کے مطابق وسیع وعریض گراؤنڈ میں جاری رہے۔ اس کے علاوہ تقریر فی البدیہہ، مشاہدہ و معائنہ، پیغام رسانی وغیرہ کے مقابلہ جات بھی ہوئے۔ مقامی جرمن فٹبال کلب کے ساتھ مجلس انصاراللہ کی نیشنل ٹیم کا فٹبال میچ ہوا جسے کلب نے جیت لیا۔ شہر کی انتظامیہ کے نمائندگان کے علاوہ اس موقعہ پر صوبائی اسمبلی کے ممبر بھی موجود تھے۔ آپ نے اپنے خطاب میں اجتماع کے انعقاد پر خوشی کا اظہار کیا اور ٹیموں میں انعامات تقسیم کئے۔ صدر مجلس انصاراللہ مکرم عبدالرحمٰن مبشر صاحب نے آپ کا شکریہ ادا کیا۔

بعد دوپہر چار ٹیموں کے درمیان مقابلہ بیت بازی ہوا۔ ٹیموں نے معیاری اشعار پڑھے۔ اس کے بعد مکرم عبدالرحمٰن مبشر صاحب صدر مجلس انصاراللہ نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انصار کو حضور انور کے پیغام کی یاددہانی کروائی۔ اس اجلاس میں مکرم حیدر علی ظفر صاحب مربی سلسلہ نے ''نظام وصیت نظام نو'' کے موضوع پر خطاب کیا۔ اس کے بعد مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر جماعت احمدیہ جرمنی نے اجتماع سے خطاب کیا۔ آپ نے جرمنی میں بیوت کی تعمیر، ان کو آباد کرنا اور بچوں کی تربیت کے بارے میں تلقین فرمائی۔ نیز نماز باجماعت پر زور دیا۔ آپ نے انصار کو اپنی صحت کے معیار بلند کرنے کی طرف بھی توجہ دلائی۔ آخر پر سکرین کے ذریعہ وصیت کے موضوع پر ایک فیچر پروگرام دکھایا گیا۔ نیشنل سیکرٹری صاحب وصیت نے موصیان کے ساتھ خدا تعالیٰ کا امتیازی سلوک کے موضوع پر ایمان افروز واقعات سنا کر احباب کے دلوں کو گرما دیا۔ اجتماع کے آخری دن ورزشی مقابلہ جات کا فائنل راؤنڈ ہوا۔ جس کے بعد تقسیم انعامات کی تقریب عمل میں آئی۔ مکرم امیر صاحب جرمنی نے نمایاں پوزیشن لینے والے احباب میں انعامات تقسیم فرمائے۔ اجتماع کی رپورٹ مکرم شاہد محمود صاحب سیکرٹری اجتماع نے پڑھی۔ مکرم صدر صاحب نے اجتماع کے کامیاب انعقاد پر اظہار تشکر کے کلمات کہے نیز انصار کو اپنے اندر پاک تبدیلی پیدا کرنے کی تلقین فرمائی جس کے بعد مکرم امیر صاحب نے اختتامی خطاب فرمایا۔ دعا کے ساتھ اجتماع کا اختتام ہوا۔ اجتماع کی حاضری تقریباً 2500 رہی جبکہ چار صد کے قریب مہمانان کرام نے شرکت کی۔

اللہ تعالیٰ اس اجتماع کے بابرکت ثمرات سے تادیر ہمیں نوازتا رہے۔ آمین

(اخبار احمدیہ جرمنی مئی وجون 2007ء)

اطاعت میں نشاط

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

ساری ترقی اور برکات اپنے افسروں کی اطاعت میں ہیں میں جانتا ہوں کہ طبائع میں اختلاف ہوتا ہے اور یہ قدرتی امر ہے اعلیٰ سے اعلیٰ محبت کے تعلقات میں بھی رنج پیدا ہوجاتا ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا باوجود اس محبت کے جوان کو آنحضرت ﷺ سے تھی ایک دفعہ آپ سے ناراض ہوگئیں لیکن وہ ایسی ناراضگی نہ تھی کہ اس سے نافرمانی پیدا ہوتی بلکہ ان کے اخلاص واطاعت میں زیادتی ہی ہوتی رہی اس لئے اگر اختلاف بھی ہو تو بھی یہ نہیں ہونا چاہئے کہ ان کی نافرمانی کی جاوے بلکہ محبت کے ساتھ اس کام کو کرنا چاہئے جو وہ سپرد کریں کیونکہ یہ کام خدا کا کام ہے نہ کسی انسان کا۔

دوسری بات یہ ہے کہ اطاعت کامل نہیں ہوتی۔ جب تک اس میں نشاط نہ ہو۔ خدا تعالیٰ نے مومنین کی صفات میں یہ فرمایا ہے...... یعنی آنحضرت ﷺ کے فیصلہ پر وہ راضی ہوتے ہیں اور اس فیصلہ پر ان کے قلب میں کوئی تنگی نہیں پیدا ہوتی بلکہ وہ خوشی اور نشاط کے ساتھ اسے تسلیم کرتے ہیں یہ اصول بتا دیا ہے کہ ...... اپنی زندگی میں اپنے افسروں کی اطاعت کس طرح کرنی چاہئے کہ اس اطاعت میں نشاط ہو۔

(انوار العلوم جلد نمبر 8 صفحہ 563)

(مرسلہ: مرکزی اصلاحی کمیٹی)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 71777 میں بشارت احمد

ولد محمد اسلم قوم راجپوت پیشہ ملازمت عمر 32 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن محمد آباد اسٹیٹ ضلع عمرکوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 22-6-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/3000 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ بشارت احمد۔گواہ شد نمبر 1 سیف علی شاہد وصیت نمبر 19881۔ گواہ شد نمبر 2 عبدالسلام عارف مربی سلسلہ وصیت نمبر 26599

مسل نمبر 71778 میں عتیق احمد

ولد رفیق احمد قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر......سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نورنگر ضلع میرپور خاص بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 23-6-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔عتیق احمد۔گواہ شد نمبر 1 ناصر احمد واہلہ ولد چوہدری محمد امین۔گواہ شد نمبر 2 عبدالسلام عارف مربی سلسلہ وصیت نمبر 26599

مسل نمبر 71779 میں رضیہ سلطانہ

بنت رفیق احمد قوم راجپوت پیشہ ملازمت عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نورنگر ضلع میرپور خاص بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 23-6-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/2500 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔رضیہ سلطانہ۔ گواہ شد نمبر 1 ناصر احمد واہلہ ولد چوہدری محمد امین۔گواہ شد نمبر 2 عبدالسلام عارف مربی سلسلہ وصیت نمبر 26599

مسل نمبر 71780 میں غلام محمد

ولد غلام رسول قوم راجپوت پیشہ زراعت عمر 30 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نورنگر فارم ضلع میرپور خاص بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 23-6-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) زرعی اراضی 8 ایکڑ واقع نورنگر مالیتی-/100000 روپے اس وقت مجھے بصورت زراعت مبلغ-/18000 روپے سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔غلام محمد۔گواہ شد نمبر 1 سیف علی شاہد وصیت نمبر 19881۔گواہ شد نمبر 2 عبدالسلام عارف مربی سلسلہ وصیت نمبر 26599

مسل نمبر 71781 میں محمد افضل

ولد عنایت خان قوم راجپوت پیشہ زراعت عمر 42 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن محمد آباد اسٹیٹ ضلع عمرکوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 22-6-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) زرعی اراضی 8 ایکڑ واقع اسماعیل آباد-/320000 روپے (2) مکان واقع اسماعیل آباد کا 1/3 حصہ -/20000 روپے۔اس وقت مجھے بصورت زراعت مبلغ-/20000 روپے سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔محمد افضل گواہ شد نمبر 1 سیف علی شاہد وصیت نمبر 19881 گواہ شد نمبر 2 عبدالسلام عارف مربی سلسلہ وصیت نمبر 26599

مسل نمبر 71782 میں سمیرا انجم

زوجہ جاوید احمد گوندل قوم گوندل پیشہ خانہ داری عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کوٹری ضلع جامشورو بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-5-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) طلائی زیور 12 تولے مالیتی اندازاً-/150000 روپے بشمول حق مہر ادا شدہ بصورت زیور۔اس وقت مجھے مبلغ-/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔سمیرا انجم۔گواہ شد نمبر 1 شہباز احمد کھوکھر ولد چوہدری محمد رشید کھوکھر۔ گواہ شد نمبر 2 منظور احمد باجوہ ولد نذیر احمد باجوہ

مسل نمبر 71783 میں رشیدہ بیگم

